# خنزیرکے مشتقات والے ذائقے کھانے میں ڈالنے کا حکم

(حكم وضع بهارات بنكهة طعم الخنزير)

(أردو-الأردية-**urdu**)


**محمد صالح المنجد حفظه الله**


مراجعہ

شفیق الرحمن ضیاء اللہ مدنی

ناشر


2009 - 1430

islamhouse.com

# حکم وضع بهارا ت بنکهة طعم الخنزیر؟

(باللغة الأردية)

محمد صالح المنجد حفظه الله

**مراجعة**

شفيق الرحمن ضياء الله المدني

**الناشر**

2009 - 1430

islamhouse.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# خنزیرکے مشتقات والے ذائقے کھانے میں ڈالنے کا حکم

میری والدہ کی ایک (غیرمسلم) سہیلی خنزیرکے گوشت پرمشتمل مسالحہ لائی اورکہنے لگی کہ اسمیں ڈالی جانے والی اشیاء مصنوعی ہیں،لیکن جب میں نے اسمیں ڈالی گئی اشیاء کا پرچہ پڑھا تواسمیں صوبیا کا دال ،اورمختلف مسالحہ جات اورذائقہ کا کانام لکھا تھا لیکن اسمیں یہ نہیں بیان کیا گیا تھا کہ یہ ذائقہ اوراسنس کس چیزکاہے؟

میری والدہ کہتی ہے کہ اسے استعمال کرنے میں کوئی مانع نہیں کیونکہ اسمیں خنزیرکے گوشت وغیرہ میں سے کوئی چیزنہیں ہے،لیکن میں موافق نہیں ہوں ،آپ بتائیں کہ اسکا کیا حکم کیا ہے؟

الحمد للہ:

اگر یہ مسالحہ جات اور ذائقے وغیرہ خنزیر کے اجزاء سے بنائے گئے ہیں تو بلاشك و شبہ یہ حرام ہیں کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے: {قُل لاَّ أَجِدُ فِي مَا أُوْحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلَى طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ إِلاَّ أَن يَكُونَ مَيْتَةً أَوْ دَمًا مَّسْفُوحًا أَوْ لَحْمَ خِنزِيرٍ فَإِنَّهُ رِجْسٌ أَوْ فِسْقًا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّهِ بِهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلاَ عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ}( سورة الأنعام: **145**)

" آپ کہہ دیجئے کہ جو احکام بذریعہ وحی میرے پاس آئے ہیں ان میں تو میں کوئی حرام نہیں پاتا کسی کھانے والے کے لیے جو اس کو کھائے، مگر یہ کہ وہ مردار ہو یا کہ بہتا ہوا خون ہو یا خنزیر کا گوشت ہو، کیونکہ وہ بالکل ناپاك ہے یا جو شرك کا ذریعہ ہو کہ غیر اللہ کے لیے نامزد کر دیا گیا ہو، پھر جو شخص مجبور ہو جائے بشرطیکہ نہ تو طالب لذت ہو اور نہ ہی حد سے تجاوز کرنے والا تو واقعی آپ کا رب غفور الرحیم ہے"-

تو اللہ سبحانہ و تعالی نے خنزیر کا گوشت خبیث اور نجس ہونے کی بنا پر حرام قرار دیا ہے.

لیکن اگر یہ مسالحہ جات مصنوعی ہوں اور اس میں خنزیر کا گوشت وغیرہ نہ ڈالا گیا ہو تو اس کی کم از کم حالت مکروہ ہے، کیونکہ یہ اللہ کے حرام کردہ کے مشابہ ہے اور مومن شخص کو چاہیے کہ وہ حرام کردہ اشیاء سے دور رہے، اور ان سے نفرت کرے، نہ کہ ان سے لذت محسوس کرے اور اسے اپنے کھانے میں استعمال کرے.

پھر ہو سکتا ہے یہ ذائقہ جات استعمال کرنا خنزیر کا گوشت کھانے کی عادت بننے کا باعث اور ذریعہ بن جائے جس کی بنا پر بعد میں اسے کھانا آسان ہو جائے.

واللہ اعلم .

الاسلام سوال و جواب